نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے گندم کی بہتر نگہداشت کیلئے سفارشات جاری کر دیں

لاہور: **24** نومبر **2021** (   ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق کپاس، مکئی اور کماد کے بعد کاشتہ گندم کو پہلا پانی بوائی کے 20 تا25 دن بعد جبکہ دھان کے بعد کاشتہ گندم کو پہلا پانی 35 تا45 دن بعد لگایا جائے۔گندم کی فصل کو آدھی سے ایک بوری یوریا فی ایکڑ زمین کی زرخیزی کے مطابق پہلے پانی کے ساتھ ڈالیں۔ریتلی زمینوں میں پہلا پانی لگانے کے بعد نائٹروجنی کھاد کا استعمال تر وتر میں کریں۔پہلی آبپاشی کے بعد کھیت وتر حالت میں آنے پر دوہری بار ہیرو چلائیں خواہ فصل چھٹہ کے ذریعے ہی کیوں نہ کاشت کی گئی ہو۔اس سے جڑی بوٹیوں کے انسداد میں مدد ملتی ہے۔گندم کی فصل میں جڑی بوٹیوں کا اُگاؤ بہت جلد ہوتا ہے اور ان کی نشوونما بھی تیز ہوتی ہے اس لئے جڑی بوٹیوں کی تلفی کیلئے مربوط طریقہ انسداد اختیار کریں۔جڑی بوٹیوں کی تلفی کیلئے کیمیائی زہروں کا استعمال محکمہ زراعت پنجاب کی سفارشات کے مطابق کریں۔معیاری سپرے کے لئے مخصوص نوزل (ٹی جیٹ نوزل) استعمال کریں اور پانی کی مقدار فی ایکڑ 100 تا120 لٹر رکھیں۔زہر کے چھڑکاؤ کے بعد گوڈی اور بار ہیرو کے استعمال سے پرہیز کریں۔کاشتکار تیز ہوا، بارش یا دھند میں سپرے نہ کریں اور ترجیحاً سپرے دھوپ میں کریں۔جڑی بوٹیوں کی تلفی کیلئے کیمیائی زہروں کا بھی استعمال کیا جاتا ہے لیکن اس طریقہ استعمال کو جس حد تک ممکن ہو محدود رکھا جائے کیونکہ گندم کا زیادہ استعمال بطور غذا کیا جاتا ہے اور ملکی و بین الاقوامی سطح پر غذائی اجناس کے لئے جس حد تک ممکن ہو کیمیائی زہروں کے استعمال کو کم سے کم کیا جانا چاہیے۔کاشتکار تمام کاشتی اُمور محکمہ موسمیات کی پیشن گوئی کو مدِنظر رکھتے ہوئے سرانجام دیں۔

☆☆☆☆